مصنف کا تعارف

ڈاکٹر کوکب قدر سجاد علی مرزا، نواب واجد علی شاہ اور بیگم حضرت محل کے آخری پڑپوتے تھے۔ ان کی پیدائش 1933ء میں ہوئی۔ وہ کوکب قدر سجاد سبطین آباد ٹرسٹ، مٹیا برج، کولکتہ کے سینئر ٹرسٹی تھے۔ ان کی تصانیف میں انتخاب واجد علی شاہ اختر 1984ء واجد علی شاہ کی ادبی اور ثقافتی خدمات 1995ء، اقلیم سخن کے تاجدار 2004ء شامل ہیں۔

کوکب قدر سجاد علی مرزا نے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے شعبہ اردو میں نواب واجد علی شاہ کے ثقافتی اور ادبی خدمات پر پی ایچ ڈی کی اور وہیں سے وہ اردو کے پروفیسر کی حیثیت سے خدمات انجام دیتے ہوئے 1993ء میں سبکدوش ہوئے۔ ڈاکٹر کوکب قدر بلیرڈ اور اسنوکر کے میدان کے بھی مشہور و معروف کھلاڑی تھے۔ وہ بلیرڈ اور اسنوکر فیڈریشن آف انڈیا کے فاؤنڈر سکریٹری تھے۔ پہلی عالمی اسنوکر چیمپین شپ کے وہ چیف ریفری بھی بنے۔ ان کا انتقال 13/ستمبر 2020ء بروز اتوار کولکتہ میں ہوا۔

ولادت:
1933ء

وفات:
13/ڈسمبر
2020ء
بروز اتوار
کولکتہ